رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ٹیلیفون: ۴۴۹

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ الفضل ربوہ

ایڈیٹر: مسعود احمد دہلوی

جلد ۳۵ | ہفتہ ۲۸ صفر المظفر ۱۴۰۲ھ، ۲۶ فتح ۱۳۶۰ ہش، ۲۶ دسمبر ۱۹۸۱ء | نمبر ۲۹۵

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# جلسہ سالانہ قریب آنے پر ربوہ کی چہل پہل اور گہما گہمی میں نمایاں اضافہ

## آرائشی گیٹ بن رہے ہیں۔ پرانی دکانیں سجائی اور نئی دکانیں لگائی جا رہی ہیں

## ممالکِ بیرون سے آنے والے مہمانوں کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے

ربوہ ۲۳ فتح/دسمبر۔ جلسہ سالانہ کی آمد آمد کے ساتھ ہی ربوہ کی چہل پہل اور رونق میں تیزی سے اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ روزانہ اندرونِ ملک اور بیرونی ممالک سے بڑی تعداد میں مہمان ربوہ آ رہے ہیں۔ اور ربوہ کی سڑکوں پر احباب جماعت کی آمد و رفت اور گہما گہمی میں مسلسل اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ دکانداروں نے جلسہ سالانہ کی آمد کے پیشِ نظر اپنی دکانوں کو سڑکوں تک بڑھا دیا ہے۔ اس کے علاوہ جلسہ سالانہ کے موقع پر لگائی جانیوالی عارضی دکانوں کی تنصیب بھی شروع ہو چکی ہے۔ اور مختلف بازاروں، سڑکوں اور محلوں میں نئی دکانوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔

اہل ربوہ نے اپنے مہمانوں کی آمد کے پیشِ نظر اپنی تیاریاں مکمل کر لی ہیں۔ بیشتر گھروں میں سفیدیاں کروا لی گئی ہیں۔ مرمتیں مکمل ہو گئی ہیں گھروں اور اطراف کو جھاڑ پونچھ کر صاف ستھرا بنا لیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ مختلف اداروں کی طرف سے سڑکوں پر خوبصورت اور دیدہ زیب آرائشی گیٹ اور محرابیں بنائی جا رہی ہیں۔ آج صبح تک جو گیٹ بن چکے ہیں ان میں دفتر جلسہ سالانہ کے باہر بنائے گئے گیٹ کے ایک طرف حضرت اقدس کا یہ شعر لکھا ہے۔

لُفَاظَاتُ الْمَوَائِدِ کَانَ اُکُلِیْ
وَصِرْتُ الْیَوْمَ مِطْعَامَ الْاَھَالِیْ

اوپر کے دونوں کونوں پر وسّع مکانک لکھا ہے اور دونوں اطراف میں سیدنا حضور انور ایدہ اللہ کا مشہور فقرہ

LOVE FOR ALL HATRED FOR NONE

لکھا ہے سرخ سبز اور نیلے رنگ کے اس گیٹ کی دوسری طرف سیدنا حضرت اقدس کے مندرجہ ذیل اردو اشعار لکھے ہیں۔

سنو اب وقت توحیدِ اتم ہے
ستم اب مائل ملکِ عدم ہے
خدا نے روک ظلمت کی اٹھا دی
فسبحان الذی اخزی الاعادی

اس کے علاوہ گیٹ کے پہلوؤں پر

لا الٰہ الا اللہ

کئی بار لکھا گیا ہے۔

ایوان محمود کے باہر مسجد اقصیٰ کو جانیوالی سڑک پر مجلس خدام الاحمدیہ مقامی کی طرف سے جو سیاہ اور سفید رنگ کا گیٹ بنایا گیا ہے اس کے ایک طرف لکھا ہے

"ہم مسکراتے چہروں کے ساتھ (حضرت اقدس۔ ناقل) کے مہمانوں کا استقبال کرتے ہیں، مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ۔

اس کے پہلوؤں میں پندرھویں صدی کے مبارک اور جابجا لا الٰہ الا اللہ کے الفاظ لکھے ہیں دوسری سمت حضرت اقدس کا مشہور مصرعہ

"آؤ لوگو کہ یہیں نورِ خدا پاؤ گے"

لکھا ہے۔ اس سمت کے پہلوؤں پر بھی

لا الٰہ الا اللہ

لکھا ہے۔

ابھی کئی سڑکوں پر مختلف اداروں کی طرف سے آرائشی گیٹ زیر تعمیر ہیں اور انشاء اللہ جلسہ شروع ہونے سے پہلے یہ خوبصورت گیٹ بھی مکمل ہو جائیں گے۔

ربوہ کی گہما گہمی میں ایک نہایت روح افزا اضافہ ممالک بیرون سے آئے ہوئے احمدی احباب ہیں جنکی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ یورپ، افریقہ، امریکہ وغیرہ ممالک سے آئے ہوئے احمدی احباب ربوہ کی سڑکوں پر چلتے پھرتے نظر آتے ہیں تو ایمانوں میں مضبوطی، روحوں میں سرشاری اور لذت کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ سب لوگ اللہ تعالیٰ کی بشارت

"میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا۔"

کی صداقت کا عظیم الشان نشان اور ثبوت ہیں۔

جلسہ سالانہ کے مختلف انتظامی محکمے کام شروع کر چکے ہیں۔ لنگر خانے آج سے چالو ہو گئے ہیں اور حضرت اقدس کے بابرکت دسترخوان کا تبرک بٹنا شروع ہو گیا ہے۔ اہل ربوہ مسکراتے چہروں سے اپنے مہمانوں کا خیر مقدم کر رہے ہیں اور دلی دعاؤں اور ذوق و شوق سے ان کو اَھْلًا وَّ سَھْلًا وَّ مَرْحَبًا کہہ رہے ہیں۔

## اخبارِ احمدیہ

ربوہ ۲۳ فتح/دسمبر۔ سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے بارے میں آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ:۔

"طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے (الحمد للہ)"

احباب کرام التزام اور توجہ سے دعائیں کرتے رہیں کہ مولا کریم اپنے فضل سے حضور انور ایدہ اللہ کو صحت کامل عطا کرے اور آپ کو روح القدس کی تائید و حمایت سے نوازتا رہے۔ آمین۔

• حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے (اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ)۔ احباب کرام التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ مولا کریم اپنے فضل و کرم سے حضرت سیدہ ممدوحہ کو صحت و سلامتی سے رکھے اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے آمین

## استغفار کس طرح کیا جائے

"استغفار کا یہ مطلب نہیں ہے جو استغفر اللہ استغفر اللہ کہتے رہیں ..... بہت سے لوگ ہیں جو کہتے ہیں کہ ہم نے اتنی دفعہ استغفار کیا سو تسبیح یا ہزار تسبیح پڑھی۔ مگر جو استغفار کا مطلب اور معنی پوچھو تو بس کچھ نہیں ہکا بکا رہ جاویں گے۔ انسان کو چاہیئے کہ حقیقی طور پر دل ہی دل میں معافی مانگتا رہے کہ وہ معاصی اور جرائم جو مجھ سے سرزد ہو چکے ہیں ان کی سزا نہ بھگتنی پڑے اور آئندہ دل ہی دل میں ہر وقت خدا سے مدد طلب کرتا رہے کہ آئندہ نیک کام کرنے کی توفیق دے اور معصیت سے بچائے رکھے۔ خوب یاد رکھو لفظوں سے کچھ کام نہیں بنے گا۔ اپنی زبان میں بھی استغفار ہو سکتا ہے کہ خدا پچھلے گناہوں کو معاف کرے اور آئندہ گناہوں سے محفوظ رکھے اور نیکی کی توفیق دے اور یہی حقیقی استغفار ہے۔ کچھ ضرورت نہیں کہ یونہی۔ استغفر اللہ۔ استغفر اللہ کہتا پھرے اور دل کو خبر تک نہ ہو۔ یاد رکھو کہ خدا تک وہی بات پہنچتی ہے جو دل سے نکلتی ہے۔"

(الحکم ۲۴ ستمبر ۱۹۰۷ء صفحہ ۴)

"جو خدا کے لئے ہوتا ہے خدا اس کا ہو جاتا ہے۔ خدا تعالیٰ اپنی طرف آنے والے کی سعی اور کوشش کو ضائع نہیں کرتا۔"

(ملفوظات جلد اوّل صفحہ ۱۴۴)

## قرآن مجید پڑھنے کی تاکید مزید

ایک روایت ہے کہ جب کوئی عقیدت مند حضرت اقدس کی خدمت میں حاضر ہوتا۔ اور اس کا کوئی بچہ لڑکپن کی عمر (مثلاً سات آٹھ سال) کا اس کے ہمراہ ہوتا تو حضور پوچھتے:۔

"اس بچہ نے قرآن مجید پڑھ لیا ہے یا پڑھ رہا ہے"

اس سے پتہ چلتا ہے کہ حضور کی نگاہ میں قرآن مجید کا پڑھنا کتنا اہم اور ضروری تھا۔ لہٰذا چاہیئے کہ سب احمدی قرآن مجید پڑھیں۔ حضور کے جانشینوں کی طرف سے بھی یہی تاکید ہوئی ہے کہ قرآن کی تلاوت بکثرت کی جائے۔ ناظرہ کے بعد ترجمہ اور تفسیر پڑھیں۔ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کے متعلق روایت ہے کہ آپ نے اپنی زندگی میں ہزارہا مرتبہ قرآن مجید کا دَور ختم کیا۔

دُعا ہے اللہ تعالیٰ تمام احمدی مرد و زن اور ان کے بچوں کو قرآن مجید پڑھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق بخشے۔ (آمین)

رجسٹرڈ نمبر ایل: ۵۲۵۴، پبلشر: مسعود احمد، پرنٹر: سید عبد الحی، مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ، مقامِ اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دار الرحمت غربی ربوہ، قیمت: ۵۵ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# قدرت کے کرشمے

(مرسلہ:- بسمل غفاری صاحب ربوہ)

گاہے گاہے باز خواں ایں قصۂ پارینہ را

۵ جنوری ۱۹۰۰ء کو حضرت اقدس کے چچازاد بھائی مرزا امام دین صاحب نے حضرت اقدس اور آپ کے خدام کو تکلیف دینے کیلئے قادیان میں مہمان خانہ اور مسجد مبارک سے ملانے والی سڑک کو بند کر کے اینٹوں سے دیوار کھینچ دی جس سے احمدی آبادی مسجد سے براہ راست منقطع ہو گئی۔ اور وہ اپنے آقا کی ملاقات اور آپ کے پاک کلمات سننے کیلئے قصبہ کا دوسرا لمبا چکر دار اور ناہموار اور خراب رستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوئے۔ قبل ازیں مہمان دونوں وقت آپ ہی کے ساتھ کھانا کھاتے اور نمازوں میں باقاعدہ حاضر ہو سکتے تھے۔ مگر اب بالخصوص فجر و عشاء کی نمازوں میں ضعیف اور کمزور صحت افراد کا مسجد میں آنا بہت مشکل ہو گیا۔ بلکہ خود حضرت اقدس کے آسانی سے باہر جانے کا رستہ بھی مسدود ہو گیا۔

پریس کے کارکنوں کو دن میں کئی بار حضور کی خدمت میں آنا پڑتا تھا مگر دیوار نے مشکل پیدا کر دی تھی۔ حضور کے مکان میں واقع کنویں سے مسجد مبارک تک مقدمہ کے ذریعے پانی پہنچانے کی کوئی صورت نہ رہی غرض حضرت اقدس پر زمین تنگ ہو گئی۔

مرزا امام دین صاحب کو حضور نے کہلا بھیجا کہ مہمانوں کا راستہ بند نہ کریں مگر وہ نہ مانے اور اپنا قبضہ جتانے لگے حالانکہ ایک غلطی سے یہ زمین ان کے قبضہ میں آگئی تھی۔ حضور نے ڈپٹی کمشنر کے پاس وفد بھیجا کہ ان کی تکلیف کا ازالہ کیا جائے مگر اس انگریز نے بات تک نہ سنی بلکہ درشتی سے پیش آیا۔ آخر حضور کو مقدمہ دائر کرنا پڑا۔ مرزا امام دین کو یقین تھا کہ مقدمہ خارج ہو جائے گا اس نے ارادہ کیا کہ حضور کے گھر کے سامنے بھی دیوار کھینچ دے تاکہ حضور قیدیوں کی طرح محاصرہ میں آجائیں اور گھر سے باہر بھی نہ نکل سکیں اس کے پیش نظر حضور نے ہجرت کر جانے کا سوچا مگر الہام الٰہی نے خبر دی کہ چکی چلے گی یعنی معاملہ الٹ جائے گا۔ چنانچہ ۱۰ اگست ۱۹۰۱ کو پرانے ریکارڈ سے ثابت ہوا کہ اس زمین پر حضور کے والد بزرگوار کا بھی قبضہ تھا۔ آخر مقدمہ کا فیصلہ آپ کے حق میں ہوا کہ دیوار گرائی جائے ساتھ ہی مجسٹریٹ نے مرزا امام دین (مدعا علیہ) پر اخراجات مقدمہ کے علاوہ ایک سو روپیہ جرمانہ بھی ڈال دیا۔ سب اس فیصلہ پر دنگ رہ گئے۔ مرزا امام دین جرمانہ دینے کی استطاعت نہ رکھتا تھا لہٰذا اس کی قرقی کے وارنٹ جاری ہو گئے۔ اس کارروائی کی حضور کو خبر نہ تھی۔ قرقی کرنے والے آگئے تو حضور کو پتہ چلا۔ حضور نے قرقی رکوائی اور جرمانہ معاف کرا دیا۔ اور پھر ـــــ مرزا امام دین اور اس کے گھر والوں سے معذرت کی کہ جرمانہ اور قرقی کا حضور کو پتہ نہ تھا ورنہ ان لوگوں کو یہ ذہنی پریشانی برداشت نہ کرنی پڑتی۔

---

# صف دوم معلمین کی گیارھویں کلاس

حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ہدایات فرمودہ ۲ جنوری ۱۹۷۲ء کی تعمیل میں اب پھر ۱۵ جنوری ۱۹۸۲ء سے سہ ماہی تربیتی کلاس کا اہتمام کیا جا رہا ہے یہ کلاس تین ماہ جاری رہے گی۔

اس تحریک کی اولین مخاطب ایسی جماعتیں ہیں جو تربیت کی زیادہ محتاج ہیں۔ اور معلمین کا مطالبہ کر رہی ہیں۔ وہ اپنے ایک ایک دو دو نمائندے ضرور اس کلاس کے لیے بھجوائیں تا ان کی ضرورت ایک حد تک پوری ہو سکے۔ اس کلاس میں شامل ہونے والے احباب آتے وقت اپنے مقامی پریذیڈنٹ کی تصدیق ساتھ لائیں۔ نیز موسم کے مطابق بستر بھی لائیں۔ قیام و طعام کا انتظام مرکز کے ذمہ ہوگا۔

امراء ضلع اور صدر صاحبان سے گذارش ہے کہ اس تحریک کو کامیاب بنانے کے لیے ہر ممکن تعاون فرمائیں۔ جزاکم اللہ تعالیٰ احسن الجزاء۔

(ناظم ارشاد)

# تبدیلی سائیکل

نیشنل بنک ربوہ برانچ کی سائیکل کوئی صاحب ندیم پرائیویٹ ڈیلر رحمت بازار کے سامنے غلطی سے تبدیل کر کے لے گئے ہیں۔ جو سائیکل مجھے ملی ہے اس پر منیر احمد رشید کا نام لکھا ہے براہ کرم مندرجہ ذیل جگہ سے وہ اپنی سائیکل تبدیل کر لیں۔

(صفی اللہ ملک۔ املاک کنسرن ریلوے روڈ ربوہ)

# امام عالی مقام کی مقدس آواز پر مخلصانہ لبیک

سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے مقرر فرمودہ ٹارگٹ چندہ تحریک جدید بمقدر بیس لاکھ روپیہ کے پیش نظر اکثر جماعتوں کی طرف سے بڑا ایمان افروز لبیک اور مسابقت کی روح مشاہدہ میں آئی ہے۔ چنانچہ مختصراً جماعت احمدیہ اوکاڑہ کی رپورٹ بغرض دعا درج ذیل ہے۔

جماعت احمدیہ اوکاڑہ کے وعدہ جات گذشتہ سال بارہ ہزار پانچ سو روپے (۱۲۵۰۰/-) کے تھے اس جماعت کے مخلصین نے اپنے مقدس امام کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اپنے وعدوں میں نمایاں اضافہ پیش کیا۔ اور وعدہ جات کو سو فیصد بڑھا دیا جس میں لجنات بھی شامل ہیں اور انصار بھی مگر ہمارے نوجوان خدام کی واضح اکثریت نے تحریک معاونین خصوصی صف اول اور صف دوم میں شمولیت اختیار کر کے اعلائے کلمۃ اللہ کے لئے اپنے احساس ذمہ داری اور جذبۂ قربانی کا اظہار کیا فَجَزَاهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ الْجَزَاءِ مفصل فہرست انشاء اللہ آئندہ کسی وقت شائع ہوگی۔ ہمارے ایک نوجوان خادم مکرم شیخ وسیم احمد صاحب ابن مکرم شیخ چراغ دین صاحب نے سگریٹ نوشی کو تحریک جدید کے مطالبات کے خلاف سمجھتے ہوئے سگریٹ نوشی ترک کر دی اور معاونین خصوصی صف دوم میں ۵۰۰/- کا وعدہ پیش کر کے دوہرا ثواب حاصل کیا۔ اللہ تعالیٰ جماعت احمدیہ اوکاڑہ کے انصار و خدام و لجنات کی اس نمایاں قربانی کو شرف قبولیت بخشے۔ آمین۔ (وکیل المال اول تحریک جدید)

---

# جاپان میں مجلس خدام الاحمدیہ کا قیام

(مکرم مغفور احمد صاحب منیب۔ معتمد مجلس خدام الاحمدیہ۔ جاپان)

مکرم عطاء المجیب صاحب راشد امیر و مبلغ انچارج جاپان نے یہ محسوس کرتے ہوئے کہ جاپان میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے احمدی نوجوانوں کی تعداد اب اسقدر ہو گئی ہے کہ مجلس خدام الاحمدیہ کا قیام عمل میں آجانا چاہیئے۔ مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کو جاپان میں خدام الاحمدیہ کے قیام کے بارہ میں تحریر کیا۔ جس پر مکرم جناب محمود احمد صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کی طرف سے منظوری آجانے پر ۱۴ ظہور (اگست) بروز جمعۃ المبارک جاپان میں مجلس خدام الاحمدیہ قائم کر دی گئی۔ محترم امیر صاحب نے تمام احباب جماعت کو اس کی اطلاع جمعہ کے بعد اعلان اور تحریری خط کے ذریعہ کر دی۔ خاکسار (مغفور احمد منیب) کو خدام الاحمدیہ جاپان کے معتمد کے طور پر کام کرنے کیلئے کہا گیا اور مکرم مبشر احمد صاحب زاہد کو مجلس ٹوکیو کا قائد نامزد کیا گیا ٹوکیو کی مجلس عاملہ کے ارکان اور خاکسار کے بطور معتمد مجلس خدام الاحمدیہ جاپان کام کرنے کی منظوری مرکز سے موصول ہو گئی ہے۔

۴ تبوک (ستمبر) بروز جمعہ خدام الاحمدیہ کا پہلا اجلاس زیر صدارت مکرم نائب صدر صاحب خدام الاحمدیہ (مبلغ انچارج جاپان) منعقد ہوا۔ جس میں مجلس عاملہ کے ارکان نے شرکت کی تلاوت اور عہد کے بعد خاکسار نے مجلس خدام الاحمدیہ کی غرض و غایت اور اہمیت مختصراً بیان کی۔ بعدہٗ مکرم قائد صاحب نے ضروری باتوں کی طرف توجہ دلائی۔ اس کے بعد مکرم عطاء المجیب صاحب راشد نے نہایت جامع و مانع خطاب فرمایا۔ جس میں آپ نے فرمایا کہ قومیں ہمیشہ قلت سے کثرت اختیار کرتی ہیں نیز آپ نے واضح کیا کہ اگر قوت ایمان اور اخلاق کی قوت موجود ہو تو قرآنی حکم کے مطابق قلت کثرت پر غالب آجاتی ہے۔ اس کے بعد آپ نے خدام الاحمدیہ کی مجلس عاملہ کے ارکان کو ضروری ہدایات سے نوازا۔

خدام الاحمدیہ جاپان (جس کا مرکز ناگویا میں ہے) کے تحت قائم ہونے والی پہلی مجلس ٹوکیو کی مجلس ہے جس کے پہلے قائد مکرم مبشر احمد صاحب زاہد ہیں اور آپ کے ساتھ مکرم میاں شاہد رضوان خان صاحب بطور معتمد کام کر رہے ہیں۔ دیگر عہدیداران میں مکرم سید رفیق شاہ صاحب، مکرم ملک رفیع احمد صاحب، مکرم زبیر النبی صاحب شامل ہیں۔

دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ جاپان میں مجلس خدام الاحمدیہ کے قیام کو بابرکت فرمائے اور اس مجلس کو حضور پرنور سے دعائیں حاصل کرتے اور پوری لگن سے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

---

## اعلان

قائدین مجالس! کیا آپ نے اپنی مجلس کی فہرست تجنید خدام سال ۸۲-۸۱ء مرکز میں ارسال کر دی ہے۔ اگر نہیں تو براہ کرم جلسہ سالانہ کے موقع پر ضرور اپنے ہمراہ لاویں۔ شکریہ۔

(مہتمم تجنید خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

فون ملز: ۲۷۹۴۶ فون آفس: ۲۲۴۸۳

# سفینہ انڈسٹریز لمیٹڈ

## مقبول روڈ - فیصل آباد

امپورٹر — ایکسپورٹر

لون - وائل - پردہ کلاتھ - پاپلین،

جاذبِ نظر - دیدہ زیب - ہر گھر کی پسند

— آفس —

مندر گلی - ریل بازار - فیصل آباد

---

# جلسہ سالانہ

کے مبارک ایام میں مرکز احمدیت میں تشریف لانے والے احباب کی خدمت میں ہم صدقِ دل سے

مبارکباد عرض کرتے ہیں

(پکا ان مبارک ایام میں ربوہ آنا، جلسہ کے دنوں میں یہاں قیام کرنا اور پھر بخیریت واپس جانا ہر لحاظ سے بابرکت ہو اور آپ ان ایام میں زیادہ سے زیادہ روحانی فوائد اٹھا سکیں

## حکیم انوار احمد جان

## دواخانہ حکیم نظام جان

گوجرانوالہ فون نمبر ۷۳۹۹۷ پوسٹ بکس ۲۲۲

---

کیوریٹو سلور جوبلی کی خوشی میں

کیوریٹو میڈیسنز پر ڈبل بونس

سکیم ۳۱ دسمبر تک کے آرڈرز کیلئے بڑھا دی گئی ہے۔

◉ یکم جنوری ۸۲ء سے اکسیر رانی کھیت

۲/۵۰ کی بجائے ۳/ ٹیوب، ۲۰ مرغیوں کا انجکشن ۲/ کی بجائے ۲/۵۰

حیوانات کی اکسیرات ۲/ کی بجائے ۲/۵۰ پیکٹ

پائلز کیور سمیت ۱۴۰ CURES فی کیور ۱۵/- لٹریچر فری

کیوریٹو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ پاکستان ربوہ فون ۶۶

---

# ایور شائن

ایور شائن ڈینٹل پاؤڈر جو نہ صرف دانتوں کی صفائی میں لاثانی ہے بلکہ پائیوریا اور دیگر امراض دنداں کو جڑ سے اکھاڑ کر مسوڑھوں کی تعمیر نو اور صحت مند بنانے میں بھی پوری صلاحیت رکھتا ہے جلسہ سالانہ کے مبارک موقع پر ہر جنرل سٹور سے دستیاب ہے۔ نیز ایجنٹ حضرات جو مال کی سپلائی میں تجربہ رکھتے ہوں درکار ہیں۔

دورانِ جلسہ سالانہ ایور شائن کے سٹال پر بالمشافہ ملیں۔ ۔ منجانب

ہیزنگ فارماسوٹیکل کمپنی رجسٹرڈ پاکستان

قیصر ہسپتال پوسٹ بکس ۱۶۵۰ لاہور

---

ربوہ کے مالکان

# موٹر سائیکل اور سکوٹرز

کیلئے

# خوشخبری

ہم نے سوزوکی، ہنڈا، یاماہا موٹر سائیکلوں اور ویسپا سکوٹر کے فاضل پرزے اور ٹائر ٹیوب وغیرہ کا کام شروع کر دیا ہے۔

استفادہ فرمائیں

## الائیڈ ٹریڈرز

ریلوے روڈ متصل سیمنٹ انجنی

ربوہ

---

# مومن اسٹیٹس

## گولبازار ربوہ

ربوہ کے محلہ جات اور مضافاتی کالونیوں میں نہایت باموقعہ پلاٹس اور زرعی زرخیز اراضی قابل فروخت ہے

خواہش مند احباب ہم سے رابطہ قائم کریں ہماری کارکردگی آپ کے لئے باعثِ اطمینان اور آپ کا تعاون ہمارے لئے باعثِ فخر ہوگا

خواجہ عبد المومن

پروپرائیٹر۔ مومن اسٹیٹس فون ۵۱۷

نزد چوک مسجد مہدی گولبازار ربوہ

---

ایک احمدی عورت جس کی عمر ۴۰ سال تک یا اس سے زائد ہو۔ بچے سنبھالنے اور گھر کے کام میں ہاتھ بٹانے کے قابل ہو اور شکاگو (امریکہ) میں رہائش کیلئے تیار ہو۔ کی ضرورت ہے۔ تنخواہ مناسب دی جائے گی۔ اور کرایہ وغیرہ کا انتظام بھی ہمارا ہوگا

جلسہ کے دنوں میں اگر ملاقات کی خواہشمند ہو تو گوندل کواکری سٹور گولبازار ربوہ میں بیگم ڈاکٹر بشیر احمد صاحب سے رابطہ قائم کریں

خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جا سکتی ہے

بیگم ڈاکٹر بشیر احمد ۲۷ سید جمال الدین افغانی روڈ

یونیورسٹی ٹاؤن پشاور

---

بالوں کو جھڑنے سے روکنے کا مجرب ٹانک

# چائنہ ہیئر ٹانک

المنار دواخانہ گول بازار ربوہ

---

# ٹینڈر نوٹس

مندرجہ ذیل کاموں کے لیے محکمہ انہار کے منظور شدہ ٹھیکیداران جنہوں نے سال دوران ۱۹۸۱ء کی تجدیدی فیس جمع کرا دی ہو۔ سربمہر ٹینڈر ۱۹۷۹ء کے کمپوزٹ شیڈول سے کم یا زائد مطلوب ہیں۔ ٹینڈر مورخہ ۳۰/۱۲/۸۱ بوقت ۱۲ بجے دوپہر وصول کئے جاویں گے اور اسی وقت حاضر آمدہ ٹھیکیداران یا اُن کے نمائندوں کی موجودگی میں کھولے جاویں گے جو حاضر ہونا پسند کریں۔

۱۔ ٹینڈر مطلوبہ فارموں پر وصول کئے جاویں گے جو دفتر ہذا سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ کسی اور دفتر یا کسی اور کام کے لیے جاری ہونے والے ٹینڈر فارم قبول نہیں ہونگے۔

۲۔ ڈاک یا تار سے وصول ہونے والے ٹینڈر پر غور نہیں ہوگا۔

۳۔ مقررہ زرضمانت کال ڈیپازٹ کی شکل میں زیر دستخطی کے نام جھنگ کے کسی شیڈول بنیک آف پاکستان سے جاری کردہ ہمراہ ٹینڈر ہونا ضروری ہے۔

۴۔ جناب سپرنٹنڈنگ انجنیئر صاحب لوئر چناب کینال ویسٹ سرکل کو حق حاصل ہے کہ وہ کسی یا تمام ٹینڈروں کو بغیر وجہ بتائے منسوخ کر دے۔ ٹینڈر کی وصول کے دن کوئی ٹینڈر فارم جاری نہیں کیا جائے گا۔ نیز کام کی تفصیلات اور معاہدہ کی شرائط دفتر ہذا میں دفتر اوقات کار میں دیکھا جا سکتا ہے۔

| نمبر شمار | نام کام | تخمیناً لاگت | زرضمانت | معیاد |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | ری کنڈیشنگ جھنگ برانچ لوئر از برجی (RECONDITIONING) ۱۰۴ تا ۱۰۸ (بائیں جانب) | ۷۰۰۰۰/- | ۱۵۰۰ | ۲ ماہ |
| ۲ | ری کنڈیشنگ جھنگ برانچ لوئر از برجی ۱۰۸ تا ۱۳۱ (دائیں جانب) | ۱۵۰۰۰۰/- | ۳۰۰۰ | ۴ ماہ |
| ۳ | ری کنڈیشنگ جھنگ برانچ لوئر از برجی ۱۴۰ تا ۱۶۸ (دائیں جانب) | ۲۳۰۰۰۰/- | ۴۶۰۰ | ۴ ماہ |
| ۴ | ری کنڈیشنگ جھنگ برانچ لوئر از برجی ۱۶۸ تا ۱۸۹ (دائیں جانب) | ۱۵۰۰۰۰/- | ۳۰۰۰ | ۴ ماہ |

مہتمم جھنگ ڈویژن۔ ایل سی سی۔ ربوہ

۸۷۴۲ ۱.م.۷

---

پھر مارکیٹ میں

# نور کاجل

ربوہ کا مشہور عالم تحفہ

آنکھوں کی صحت و خوبصورتی کیلئے بہترین سرمہ

خریدتے وقت نور کاجل اور خورشید یونانی دواخانہ ملاحظہ فرمالیں

مینیجر۔ خورشید یونانی دواخانہ (رجسٹرڈ) ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

Digitized by Khilafat Library Rabwah


محترم چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب کا دلچسپ خصوصی انٹرویو

ماہنامہ آتش فشاں میں

جلسہ سالانہ کے موقع پر ہم سے حاصل کریں

سول ڈسٹری بیوٹرز:- ملک جی برادرز گولبازار ربوہ

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کیلئے اپنے معروف ادارہ

گلوب ٹمبر کارپوریشن ۲۶ نیو ٹمبر مارکیٹ راوی روڈ لاہور پر

تشریف لائیں

(کونٹرکٹ کنٹریکٹر)

فون نمبر: ۶۸۱۲۶ ، ۵۳۴۲۰ ، رہائش ۶۲۹۳۰ ، فیکٹری رچنا ٹاؤن ۷۱۰۳۶۲

احباب لکڑی کو دیمک سے محفوظ رکھنے کیلئے ہم سے رابطہ پیدا کریں

کراچی میں جائیداد کی خرید و فروخت

اور

سندھ میں زرعی زمین کے حصول کیلئے

درج ذیل پتہ پر رابطہ قائم کیجئے

لینڈ مارکس

LAND MARKS.

۱/۱۰۳ کمرشل ایریا "بی" پوسٹ بکس نمبر ۱۰۴۳۶

ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی ۱۴

فون: ۵۴۰۸۳۴ - ۵۴۰۸۶۶

مشہور دواخانہ

(حکیم نظام جان مرحوم والا)

کا

بیسیوں مشروبات

بھی ایام جلسہ میں مصروف عمل ہو گا

(انشاء اللہ تعالیٰ)

منیجر:- مشہور دواخانہ ربوہ

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کیلئے

پاک ٹمبر ۲۵ نیو ٹمبر مارکیٹ راوی روڈ لاہور

فون نمبر ۲۸۰۸۰۶ گھر فون ۲۸۰۵۲۰

کو ہمیشہ یاد رکھیں

لاہور میں مکمل ڈیلیپمنٹ سے آراستہ گل ہاؤسنگ پراجیکٹ کی عظیم تخلیق

لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے

ایل-او-سی

بذریعہ نمبر CMP 194/S/LDA/136

مورخہ ۱۲ جنوری ۸۱ء

سنی پارک

نقد و آسان قسطوں پر

اپنے احباب کیلئے مخصوص بلاک اور خاص رعایت

LOCATION PLAN OF SUNNY PARK HOUSING PROJECT AT RAIWIND ROAD LAHORE

محل وقوع: سنی پارک لاتعداد سرکاری و غیر سرکاری رہائشی سکیموں کے مرکز میں واقع نہر کے قریب نیو کیمپس سے ۲ کلومیٹر کے فاصلہ پر (نقشہ محل وقوع ملاحظہ فرمائیں)

خصوصیات:- سنی پارک تمام جھگڑوں اور پیچیدگیوں سے پاک صاف ہے جہاں کوئی بھی پاکستانی اپنے ذوق کیمطابق اپنا گھر تعمیر کر سکتا ہے۔ ہر وقت چھوٹی بڑی ٹرانسپورٹ میسر ہے جس کے ذریعے آپ شہر کے مرکزی علاقوں تک با آسانی پہنچ سکتے ہیں علاوہ ازیں لاہور کے اہم تعلیمی و طبی ادارے میڈیکل کالج، ہیلی کالج و لاء کالج و نیز کیمپس یونیورسٹی، سکولز اور شیخ زید بن ہسپتال تھوڑے فاصلہ پر ہیں۔ اس میں جدید تقاضوں کے مطابق عوام کی سہولت کیلئے چلڈرن پارک، ہائی کلاس درسگاہ، ہسپتال، پوسٹ آفس شہر خموشاں، مساجد، کمیونٹی سنٹر، شاپنگ مرکز، ہر بلاک میں کمرشل پلاٹس کی سہولتیں میسر ہیں۔

پلاننگ:- ہم نے سنی پارک کی منصوبہ بندی جدید تقاضوں کیمطابق کی ہے۔ ماحول کو صاف ستھرا اور پرسکون بنانے کیلئے مشرقی و مغربی طرز معیار کو مدنظر رکھتے ہوئے ۷ مرلے، ۱۰ مرلے اور ایک ایک کنال کے لاتعداد رہائشی و کمرشل پلاٹس بنائے گئے ہیں

ترقیاتی کام:- سنی پارک کے ترقیاتی کاموں میں نقشوں کی فنی تصریحات کیمطابق سڑکوں کو پختہ کرنا بجلی و پانی کی ہمہ رسانی و نکاسی آب کے انتظامات کے علاوہ تفریحی پارکوں اور کھیل کے میدانوں کو آراستہ کرنا اور سڑکوں کو پُر رونق بنانے کیلئے سٹریٹ لائٹس کا نظام شامل ہے جنہیں جدید فن تعمیر اور دور حاضر کے تقاضوں کیمطابق ہم آہنگ کیا جائے گا

پلاٹوں کی قسمیں اور قیمتیں:- سنی پارک میں عوام کی سہولت کیلئے چار اقسام کے پلاٹس بنائے گئے ہیں

عام رہائشی پلاٹ:- ۱۸۰۰/- روپے فی مرلہ

مخصوص رہائشی پلاٹ:- ۲۰۰۰/- فی مرلہ۔ ڈیلکس رہائشی پلاٹ ۲۸۰۰/- فی مرلہ۔ تجارتی پلاٹ ۵۰۰۰/- فی مرلہ

ترقیاتی اخراجات ان قیمتوں میں شامل نہیں قسطوں کی صورت میں ۲۰۰/- فی مرلہ زائد

طریقہ حصول پلاٹ:- پلاٹ کی کل قیمت کا ۱/۴ حصہ زر بیعانہ دفتر میں جمع کروا کر رسید و الاٹمنٹ سرٹیفکیٹ حاصل کریں اور بقایا رقم ۴۵ یوم میں ادا کر کے رجسٹری کروالیں۔

اقساط:- پلاٹ کی کل قیمت کا ۱/۴ حصہ زر بیعانہ دفتر میں جمع کروا کر رسید و الاٹمنٹ سرٹیفکیٹ حاصل کریں بقایا رقم ایک سال کی برابر اقساط میں ادا کر کے رجسٹری کروالیں

پلاٹ کا قبضہ:- نقدی کی صورت میں زر بیعانہ ۱/۴ حصہ اور اقساط کی صورت میں ۱/۴ حصہ ادا کر کے قبضہ حاصل کریں (قبضہ لے کر مکان تعمیر کر سکتے ہیں)

قرضے کی سہولت:- مکان تعمیر کرنے کے لئے مکانات کی مالیاتی کارپوریشن سے آسان قسطوں پر واپسی کی بنیاد پر قرضہ لیا جا سکتا ہے)

اسپیشل رعایت:- شہداء کے ورثاء۔ بیواؤں۔ فوجی و پولیس ملازمین۔ ریٹائرڈ ملازمین سرکاری ملازمین۔ ادیبوں۔ صحافیوں اور دانشوروں کیلئے اسپیشل رعایت۔

(آفس جمعہ کو بھی صبح نو بجے سے شام چھ بجے تک کھلا رہتا ہے) پراسپیکٹس حاصل کریں۔

پراسپیکٹس ڈاک کے ذریعے بھی منگوایا جا سکتا ہے

تفصیلات کے لئے:- گل ہاؤسنگ پراجیکٹ آرکیٹکٹ۔ انجینئرز۔ کلونائزرز اینڈ اسٹیٹ ایڈوائزرز ۷۔ کامران اپارٹمنٹس فیروزپور روڈ اچھرہ لاہور فون ۴۱۹۹۷۶